## پاکستان سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ اور محروم ومظلوم عوام کا انقلاب دستک دے رہا ہے۔الطاف حسین

### آج پورے ملک کے عوام لوڈشیڈنگ،غربت،بیروزگاری،مہنگائی اور دیگر مسائل سے تنگ ہیں،

### انشاءاللہ ایم کیوایم عوام کو ان مسائل سے نجات دلائے گی اور ملک کی قسمت بدلے گی

### 25 اپریل کو ایم کیوایم کا تاریخی پنجاب کنونشن ہوگا،آنے والی تاریخ اس دن کو محروم عوام کی تقدیر بدلنے کے آغاز کے طور پر لکھے گی

### راولپنڈی اور ملتان میں پنجاب کنونشن کی تیاریوں کے سلسلے میں مصروف کارکنوں اور ذمہ داروں سے فون پر بات چیت

### ایم کیوایم کے کارکنان تنخواہ دار نہیں بلکہ سچے کارکنان ہیں جو کسی صلہ اور ستائش کی تمنا کئے بغیر بے لوث کام کررہے ہیں

لندن۔۔21اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ پاکستان سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ اور محروم ومظلوم عوام کا انقلاب دستک دے رہا ہے جس کا راستہ اب روکا نہیں جاسکتا۔انہوں نے یہ بات راولپنڈی اور ملتان میں 25 اپریل کو ہونے والے پنجاب کنونشن کی تیاریوں کے سلسلے میں مصروف کارکنوں اور ذمہ داروں سے فون پر بات چیت کرتے ہوئے کہی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ خدا اس قوم کی حالت نہیں بدلتا جب تک وہ اپنی حالت بدلنے کیلئے جدوجہد نہ کریں،دنیا میں جہاں جہاں محروم لوگوں نے اپنی حالت بدلنے کیلئے میدان عمل میں آکر عملی جدوجہد کی اور قربانیاں دیں فتح ان کا مقدر بنی،پاکستان کے غریب ومحروم عوام کو انکے حقوق دلانے کیلئے آسمان سے فرشتے نہیں اتریں گے بلکہ غریب ومتوسط طبقہ کے محروم عوام کو بھی اپنی قسمت بدلنے کیلئے خود جدوجہد کرنی ہوگی۔انہوں نے کہا کہ یہ امر انتہائی خوش آئند ہے کہ پنجاب کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام میں اپنے حقوق کیلئے تیزی سے بیداری آرہی ہے،عوام سمجھ رہے ہیں کہ ایم کیوایم ہی پاکستان کے سچے خیرخواہوں کی جماعت ہے،وہ وقت آرہا ہے کہ جب پنجاب کے ہرشہر،ہرمحلّہ اور ہرگلی میں حق پرستی کے نعرے گونجیں گے اور ہرجگہ ایم کیوایم کے پرچم لہرائیں گے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ 25 اپریل پاکستان کی تاریخ کا انتہائی اہم دن ہوگا جب پنجاب کے شہروں لاہور،راولپنڈی اور ملتان میں ایم کیوایم کا تاریخی پنجاب کنونشن ہوگا،آنے والی تاریخ میں یہ دن سنہرے حروف سے لکھا جائے گا اور تاریخ اس دن کو محروم عوام کی تقدیر بدلنے کے آغاز کے دن کے طور پر لکھے گی۔انہوں نے کہا کہ آج پورے ملک کے عوام لوڈشیڈنگ،غربت،بیروزگاری،مہنگائی اور دیگر مسائل سے بہت پریشان ہیں اور خودکشی کرنے پر مجبور ہیں،انشاءاللہ ایم کیوایم کی جدوجہد پاکستان کے عوام کو ان مسائل سے نجات دلائے گی اور ملک کی قسمت بدلے گی۔ہم پاکستان کو نہ صرف بچائیں گے بلکہ ملک کو جاگیرداروں،وڈیروں اور لٹیروں سے نجات دلائیں گے اور جب ملک میں ایم کیوایم کی حکومت ہوگی تو ہم ایسا نظام قائم کریں گے جس میں تمام قومیتوں،فقہوں اور مذاہب کے ماننے والے تمام پاکستانیوں کو مساوی حقوق حاصل ہوں گے،سب برابر کے پاکستانی ہوں گے اور ملک میں اقلیت کا کوئی تصور نہیں ہوگا۔جناب الطاف حسین نے راولپنڈی اور ملتان میں پنجاب کنونشن کی تیاریوں میں مصروف پنجاب کے زونوں،اے پی ایم ایس او،شعبہ خواتین اور لیبر ڈویژن سمیت پنجاب کے مختلف شعبوں کے کارکنوں اور ذمہ داروں کو زبردست خراج تحسین کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکنان تنخواہ دار نہیں بلکہ سچے کارکنان ہیں جو کسی صلہ اور ستائش کی تمنا کئے بغیر بے لوث کام کررہے ہیں اور جو محنت ولگن سے کام کرکے 25 اپریل کے پنجاب کنونشن کو تاریخی بنائیں گے۔

## پنجاب کے عوام نے سیاسی ومذہبی جماعتوں کو آزمالیا تاہم ان کے بنیادی مسائل کسی نے بھی حل نہیں کیے،پنجاب ایک موقع الطاف حسین کو دیں

### ایم کیوایم تعلیم،صحت،بجلی،پانی کے شعبوں کو ترقی دے گی اور ملک سے مہنگائی،غربت،بےروزگاری کا مکمل خاتمہ کردیگی

### ڈاکٹر فاروق ستار کہوٹہ میں کارنر میٹنگ سے خطاب

راولپنڈی ۔۔۔21،اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز وقومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر اور حق پرست وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر محمد فاروق ستار نے کہا ہے کہ پنجاب کے عوام نے تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کو آزمالیا ہے تاہم کسی نے بھی پنجاب کے عوام کے بنیادی مسائل بھی حل نہیں کیے،اب وقت آگیا ہے کہ پنجاب کے غیور عوام ایک موقع الطاف حسین اور ان کی جماعت ایم کیوایم کو دیں۔وہ منگل کے روز پنجاب کے شہر کہوٹہ میں ایک بڑی عوام میٹنگ سے خطاب کررہے تھے۔ایم کیوایم کے تحت 25اپریل کو پنجاب کنونشن کے سلسلے میں پنجاب بھر میں عوامی رابطہ مہم زوروشور سے جاری ہے اور اس سلسلے میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان،حق پرست منتخب عوامی نمائندے،اراکین

اسمبلی، وزراء، مشیران اورایم کیوایم کے مختلف ونگز کے ارکان پنجاب کے شہر شہر قصبہ قصبہ میں کارنرمیٹنگز منعقد کررہے ہیں۔ کھوڑہ میں کارنرمیٹنگ کا اہتمام ایم کیوایم اپر پنجاب زون کی جانب سے کیا گیا جس میں کھوڑہ کے عوام خصوصاً بزرگوں، نوجوانوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر صوبائی تنظیمی کے جوائنٹ انچارج اسلم آفریدی، اپر پنجاب زونل کمیٹی کے ارکان کے علاوہ کارکنان بھی موجود تھے۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ پنجاب کے عوام نے ہمیشہ دو فیصد مراعات یافتہ طبقے کو منتخب کرا کر ایوانوں میں بھیجا اور یہی وجہ ہے کہ ان دو فیصد مراعات یافتہ طبقے لوگوں نے پنجاب کے غریب عوام کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے کوئی کام نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایسا نہیں کہ ان لوگوں نے عوام سے وعدہ نہیں کیا بلکہ انہوں نے پنجاب کے عوام کو ان مسائل کے حل یقین دہانی کرائی تاہم منتخب ہوکر انہوں نے پنجاب کے عوام کو بھولا دیا اور ان کے مسائل کی طرف کوئی توجہ نہیں دی۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے ملکی سیاست کی بات کرتے ہوئے کہا کہ موورثی سیاست ملک کی ترقی میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے بڑی بڑی سیاسی و مذہبی جماعتوں کے لیڈروں نے ہمیشہ اپنے بیٹے، بیٹیوں، بھائی بہن اور دیگر عزیز رشتہ داروں کو منتخب کرایا جبکہ اس کے برعکس ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے کبھی بھی اپنے کسی بھائی، بہن یا دیگر رشتہ داروں کو ایک مرتبہ بھی ایوان کا رکن نہیں بنایا۔ انہوں نے کہا کہ الطاف حسین نے ملک کے ایوانوں میں جن لوگوں کا بھیجا ان میں سے ایک بھی نہ تو الطاف حسین کا رشتہ دار ہے اور نہ کوئی ان کا دوست ہے بلکہ ایم کیوایم کے تمام سینیٹرز، اراکین پارلیمنٹ، وزراء، مشیران، ناظمین سب عام غریب و متوسط طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بڑے بڑے جاگیردار، وڈیرے اور سرمایہ دار ہمیں کبھی بھی متحد نہیں ہونے دینگے کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ اگر غریب عوام متحد ہوگئے تو ملک میں آنے والا انقلاب ان کی جاگیریں، اوطاقیں، فیکٹریاں اور ملیں بہا کر لیجائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اب وقت آگیا ہے کہ ملک کے 98 فیصد غریب عوام جاگیرداروں، وڈیروں اور سرمایہ داروں کے خلاف ایک پلیٹ فارم پر متحد ہوجائیں اپنی صفوں سے پڑھے لکھے باصلاحیت نوجوان قیادت نکال کر ایوانوں میں بھیجیں جو ان کے مسائل نہ صرف ترجیحی بنیادوں پر حل کرسکے بلکہ ملک سے مہنگائی، لوڈشیڈنگ اور بے روزگاری جیسے بنیادی مسائل کا خاتمہ کرسکے جس سے ملک کو استحکام اور ترقی میسر آئے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان جن مسائل اور چیلنجز کا شکار ہے اب مزید ان متمنی نہیں ہوسکتا، پاکستان سے ایڈھاک ازم کو ختم کرنا ہوگا اور ملک کو دو فیصد مراعات یافتہ طبقہ کے چنگل سے آزاد کرانا ہوگا اور ملک میں 98 فیصد غریب عوام کی حکمرانی قائم کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کو موقعہ ملا تو وہ ملک میں تعلیم، صحت، بجلی، پانی کے شعبوں ترقی دے گی اور ملک سے مہنگائی، غربت، بے روزگاری کا مکمل خاتمہ کردیگی۔ ملک میں آٹے، چینی کا بحران غریبوں کا پیدا کردہ نہیں تھا بلکہ اس کے پیچھے وہی سرمایہ دار، وڈیرے اور جاگیردار ہیں جن کی بڑی بڑی شوگر، فلور ملیں ہیں، انہوں نے پنجاب کے عوام کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب کے عوام نے گزشتہ 60 سالوں سے بڑی بڑی سیاسی و مذہبی جماعتوں کو آزماتے آئے ہیں ان جماعتوں اور ان کے لیڈران نے پنجاب کے غریب عوام کو کچھ نہیں دیا اور نہ ان کے مسائل کے حل پر توجہ دی۔ پنجاب کے عوام اب ایک موقعہ الطاف حسین اور ان کی جماعت ایم کیوایم دیں، ایم کیوایم نے کراچی کو دنیا کا 12 واں ترقیافتہ شہر بنادیا، ایم کیوایم میں کہیں کوئی کرپشن نہیں اور یہی وجہ ہے کہ آج تک ایم کیوایم کے کسی بھی منتخب نمائندے پر کبھی کوئی کرپشن کا الزام نہیں لگا کیونکہ ایم کیوایم میں احتساب کا عمل اپری سطح ہے۔ آخر میں انہوں نے پنجاب کے عوام خصوصاً کھوڑہ کے عوام کو 25 اپریل کے پنجاب کنونشن کی دعوت دی اور کہا کہ 25 کو عوام زیادہ سے زیادہ شرکت کر کے حق پرستی کا ثبوت دیں اور ایم کیوایم کے خلاف منفی پروپگنڈوں کو مسترد کردے، اس موقع پر عوام نے انہیں بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔

## رابطہ کمیٹی، حق پرست وزراء، ارکان اسمبلی، ایم کیوایم لاہور زون کے ذمہ داران کی شاعر مشرق علامہ اقبال کے مزار پر حاضری اور پوتے منیب اقبال سے ملاقات

لاہور۔۔۔21، اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سیف یار خان، سلیم تاجک، حق پرست رکن قومی اسمبلی سفیان یوسف، حق پرست صوبائی وزراء سندھ فیصل سبزواری، خالد عمر، حق پرست ارکان سندھ اسمبلی سید رضا حیدر، عامر معین پیرزادہ، سابق حق پرست مشیر سندھ نعمان سہگل اور سابق حق پرست بلدیات سندھ محمد حسین، ایم کیوایم لاہور زون اور ڈسٹرکٹ کے انچارج و اراکین اور متحدہ لائرز فورم کے وکلاء نے بدھ کے روز شاعر مشرق اور مفکرِ پاکستان ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کے مزار پر حاضری دی۔ انہوں نے فاتحہ خوانی کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے علامہ اقبال کے مزار پر پھولوں کی چادر چڑھائی۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اور ایم کیوایم پنجاب کے رہنماؤں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی قیادت میں ڈاکٹر علامہ اقبال کے فرمودات اور ان کی تعلیمات کے مطابق ملک کو ایک عظیم فلاحی ریاست بنانے کی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ یہاں ایم کیوایم کے رہنماؤں کی ڈاکٹر علامہ اقبال کے پوتے منیب اقبال سے بھی ملاقات ہوئی وہ کچھ دیر تک ان کے ہمراہ رہے اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ منیب اقبال نے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خیریت دریافت کی اور خیر سگالی کے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے متحدہ قومی موومنٹ کی سیاسی و سماجی کوششوں اور کاوشوں کو سراہا۔

## پنجاب کنونشن جاگیردارانہ نظام کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگا، وسیم افتاب

## بستی ملوک کے سینکڑوں نوجوانوں، بزرگوں اور معززین کی ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان

ملتان۔۔۔21اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب نے کہا ہے کہ پنجاب کنونشن جاگیردارانہ نظام کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگا ایم کیوایم کی جدوجہد تیزی سے پروان چڑھ رہی ہے اور ملک بھر کے غریب، مزدور اور محنت کش ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہورہے ہیں۔ یہ بات انہوں نے ملتان میں بستی ملوک میں ایک کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ ہم پیغام حق پرستی اور جناب الطاف حسین کا فلسفہ عملیت پسندی و حقیقت پسندی لیکر پنجاب آئے ہیں لیکن قیادت آپ کو اپنے درمیان سے ہی نکالنا ہوگی۔ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین کے پیغام امن اور بھائی چارے کی وجہ سے پورے پاکستان کے مظلوم و محکوم عوام جوق در جوق ایم کیوایم میں شامل ہورہے ہیں کیونکہ ان کو یہ احساس ہوگیا ہے کہ 98 فیصد مظلوم و محکوم عوام کی نمائندہ جماعت اگر کوئی ہے تو وہ صرف و صرف متحدہ قومی موومنٹ ہے۔ اس موقع پر بستی ملوک سے تعلق رکھنے والی مختلف برادریوں کے معززین نے متحدہ قوم موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے فکرو فلسفے، ایم کیوایم کی پالیسیوں اور عملی جدوجہد سے متاثر ہوکر اپنے سینکڑوں ساتھیوں سمیت متحدہ قوم موومنٹ میں شمولیت کا اعلان بھی کیا۔ وسیم آفتاب نے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والے افراد کا خیر مقدم کیا اور انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے ایم کیوایم کے فکرو فلسفہ حقیقت پسندی و عملیت پسندی سے تفصیلی آگاہ کیا۔ ملتان زونل کمیٹی کے ممبر راؤ فرمان، ڈسٹرکٹ ملتان کے انچارج ندیم مرزا، تحصیل انچارج راؤ عبدالقدیر نے بھی کارنر میٹنگ سے خطاب کیا۔

## لاہور، پنڈی اور ملتان میں ایم کیوایم کے تحت ہونے والا پنجاب کنونشن پنجاب میں پرامن اور عظیم انقلاب کی بنیاد رکھے گا

## نارروال میں شکر گڑھ اور اوکاڑہ میں کارنر میٹنگوں سے ارکان قومی و صوبائی اسمبلی کا خطاب

## شکر گڑھ، اوکاڑہ، داتا دربار سمیت لاہور کی مختلف شاہراہوں، بازاروں دیگر عوامی مصروفیت کے حامل مقامات ہینڈ بلز، پمفلٹس کی تقسیم

## ایم کیوایم کے پرچم اور قائد تحریک الطاف حسین کی تصاویر، خیر مقدمی و دعوتی بینرز بھی آویزاں کردیئے گئے

لاہور۔۔۔21،اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت 25، اپریل بروز اتوار الحمراء آرٹس کونسل مال روڈ لاہور میں ہونے والے پنجاب کنونشن کے سلسلے میں نارروال، شکر گڑھ اور اوکاڑہ شہروں اور ان کے قرب و جوار کے گاؤں، تحصیلوں اور دیگر علاقوں میں منگل کے روز متحدہ قومی موومنٹ کے تحت 25، اپریل کو ہونے والے پنجاب کنونشن کے انعقاد کے سلسلے میں عوامی رابطہ مہم جاری رہی اس دوران ایم کیوایم کے کارکنوں نے ان شہروں کے علاوہ داتا دربار سمیت لاہور کی مختلف شاہراہوں، چورنگیوں، بازاروں اور دیگر عوامی مصروفیت کے حامل مقامات پر ہزاروں کی تعداد میں ہینڈ بلز اور پمفلٹس تقسیم کرنے کے علاوہ ایم کیوایم کے پرچم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قد آور تصویریں اور خیر مقدمی بینرز بھی آویزاں کئے گئے، کارنر میٹنگیں اور ریلیاں منعقد کی گئیں جن سے حق پرست ارکان قومی و صوبائی اسمبلی اور ایم کیوایم پنجاب کے ذمہ داران و عہدیداران نے خطاب کیا۔ نارروال میں شکر گڑھ میں ہونے والی عوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں ہونے والی کارنر میٹنگوں اور ریلیوں سے حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ، سابق مشیر سندھ نعمان سہگل، ایم کیوایم لاہور زونل کمیٹی کے رکن مصطفیٰ گیلانی نے جبکہ اوکاڑہ میں رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر اور ایم کیوایم پنجاب کے مقامی رہنماؤں نے شرکت کی اور عوامی اجتماعات سے خطاب کیا۔ اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین ملک بھر کی طرح پنجاب کے مظلوم، محکوم اور مسائل زدہ عوام کو دو فیصد مراعات یافتہ طبقے اور اس کے ظالمانہ ہتھکنڈوں سے نجات دلانا چاہتے ہیں یہی وجہ ہے کہ ہم آج قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایت پر پنجاب کے عوام کے درمیان موجود ہیں اور ان کا پیغام حق پرستی پنجاب کے عوام تک پہنچا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 25، اپریل کو ہونے والا پنجاب کنونشن ثابت کردیگا کہ پنجاب کے عوام کے دلوں اور ذہنوں میں قائد تحریک الطاف حسین کی فکر، فلسفہ ان کا مشن، پروگرام اور تعلیمات پوری طرح اتر چکی ہیں اور وہ اپنے مسائل کے حل کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کے عوام بھی دیگر صوبوں کے عوام کی طرح مظلوم اور محکوم ہیں جن پر جاگیرداروں اور مراعات یافتہ طبقے کے مظالم گزشتہ 62 سال سے جاری ہیں ایم کیوایم چاہتی ہے کہ ملک کے چپہ چپہ میں ایسے ہی ترقیاتی کام کرائے جائیں اور اسی انداز میں پنجاب کے عوام کے مسائل حل کئے جائیں جس طرح ایم کیوایم کراچی، حیدرآباد اور سندھ کے دیگر علاقوں میں کررہی ہے جو اپنی مثال آپ ہیں۔ انہوں نے پنجاب کے عوام کو دعوت دی کہ وہ پنجاب کنونشن میں اپنے اور اپنے اہل خانہ اور دوست احباب سمیت شرکت کرکے اسے کامیاب بنائیں تاکہ پنجاب میں بھی ایک عظیم عوامی

پرامن انقلاب کی بنیاد رکھ دی جائے۔دریں اثناءمتحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوااوروزیراعلیٰ سندھ کے حق پرست مشیر خواجہ اظہار الحسن نے ملتان میں حضرت بابا شاہ رکن عالمؒ کے مزار پر حاضری دی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے پھولوں کی چادر چڑھائی اور 25اپریل کو ہونے والے ایم کیوایم کے کنونشن کی کامیابی کیلئے خصوصی دعا کی ۔اس موقع پر ان کے ہمراہ ایم کیوایم لوئر پنجاب زون کے زونل انچارج کرامت شیخ، جوائنٹ انچارج جاوید چیمہ، ڈسٹرکٹ انچارج ندیم مرزاسمیت ایم کیوایم کے کارکنان بھی موجود تھے۔

## سابق رکن پنجاب اسمبلی رانافرقان سمیت مسلم لیگ (ق ) کے ضلعی عہدیداران کی مصطفیٰ کمال سے ملاقات

## مصطفیٰ کمال ملتان میں ورکرز اجلاس سے خطاب

ملتان۔۔۔21اپریل2010ء

مسلم لیگ (ق ) کے پنجاب کے سابق رکن اسمبلی رانافرقان اور مسلم لیگ (ق ) کی ضلعی عہدیداران نے گزشتہ روز متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسابق ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال سے لوئر پنجاب زونل آفس ملتان میں خصوصی ملاقات کی اوران سے قائد تحریک الطاف حسین کے فکروفلسفے،ایم کیوایم کی پالیسیوں اور کراچی میں ترقیاتی کاموں کی تفصیل سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوااور حق پرست صوبائی وزیر سندھ فیصل سبزواری کے علاوہ لوئر پنجاب زونل کمیٹی کے ارکان اور دیگر ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔مصطفیٰ کمال نے رانافرقان اور دیگر مسلم لیگ (ق ) کی ضلعی قیادت کو ملتان آفس میں خوش آمدید کہااور کہا کہ ہمارادوسرا گھر ہے یہاں کے عوام بھی قائد تحریک الطاف حسین اور ایم کیوایم کیلئے وہی جذبہ رکھتے ہیں جو کراچی کے عوام کے دلوں میں ہے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے اصولوں پر کبھی سودے بازی نہیں کی اور ہمیشہ عوام کی رائے اوران کی خواہشات مطابق فیصلے کیے ہیں،ایم کیوایم چاہتی ہے کہ پورا پاکستان کراچی وحیدرآباد کی طرح ترقی کرے اور ملک میں عوام کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل ہوں۔انہوں نے کہا کہ میں اکیلا کچھ نہیں ہوں میرے پیچھے قائد تحریک الطاف حسین کی لیڈر شپ ہے جس نے مجھے گلی سے اٹھا کر ملک کے سب سے بڑے شہر کا ناظم بنایا۔آج کراچی کی ترقی کا سہرا بھی اسی لیڈر شپ کے سر جاتا ہے جس کے تعاون اور رہنمائی کے بغیر میں کچھ بھی نہیں کرسکتا تھا۔انہوں نے کہا کہ کراچی کے عوام نے مجھے نہیں بلکہ الطاف حسین کو ووٹ دیئے،متحدہ قومی موومنٹ ملک کی واحد جماعت ہے جس میں چیک اینڈ بیلنس ہے اور غلطی یا کرپشن کرنے والوں کا مکمل احتساب کیا جاتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ ملک کی تاریخ میں اگر کسی جماعت نے اپنے منتخب نمائندوں کو استعفیٰ دلاکران کی نشستوں پر ضمنی انتخاب کرے ہیں تو اگر کسی جماعت کا نام آتا ہے جس نے اپنے منتخب نمائندوں تبدیل کیا ہے تو وہ صرف اور صرف ایم کیوایم ہے۔دریں اثناء ملتان زون آفس میں پنجاب کنونشن کی تیاریوں کے سلسلے میں جمع ہونیوالے کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے مصطفیٰ کمال نے کہا کہ ملک پر قابض استحصالی ٹولے نے ایم کیوایم کے خلاف منفی پروپگنڈہ کرکے پنجاب کے عوام کو سازش کے تحت الطاف حسین اور ایم کیوایم سے دور رکھا گیااور یہ سب اس لئے کیا گیا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے کام ہی ایسے کیے تھے،الطاف حسین نے ملک کے مضبوط ترین فرسودہ نظام کے خلاف آواز بلند کرنے کی جرات کی اور ایک ایسا نظریہ عوام کو دیا جس سے خوف زدہ ہوکر استحصالی عناصر یہ سب کرنے پر مجبور ہوگئے۔انہوں نے کہا کہ اگر الطاف حسین بھی دیگر سیاسی ومذہبی رہنماؤں کی طرح ملک میں سیاست کرتے اور خود یا اپنے رشتے داروں کو نوازتے تو کسی کی ہمت نہیں تھی کہ وہ ان کے یا ان کی جماعت کیخلاف ایک لفظ بھی بول سکتا۔انہوں نے کہا کہ الطاف حسین نے اراکین اسمبلی بنائے،وزیر بنائے،مشیر بنائے حتیٰ گورنر اور ناظم بھی بنایئے لیکن ان میں کوئی ایک بھی الطاف حسین کا بھائی یا رشتہ دار نہیں،الطاف حسین نے عوام کے درمیان سے باصلاحیت نوجوانوں کو نکال کرانہیں منتخب کرایا۔مصطفیٰ کمال نے کہا کہ آج پاکستان کا جو حال ہے اس کو درست کرنے کیلئے عوام کو میدان میں آنا ہوگا اور اپنے درمیان سے قیادت کو نکالنا ہوگی جب ہی ملک ترقی کرے اور عوام کے مسائل حل ہونگے ،کوئی جاگیردار، وڈیرہ یا سرمایہ دار ملک اور عوام کے حالات نہیں بدل سکتا۔

## متحدہ کی جانب سے ''دستک'' کے نام سے اردواور پنجابی زبان میں نئے تنظیمی ترانوں اور نغموں پر مشتمل سی ڈی کا اجراء

کراچی ۔۔۔21،اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ اطلاعات کی جانب سے پنجاب کنونشن کے حوالے سے ''دستک'' کے نام سے اردواور پنجابی زبان میں نئے تنظیمی ترانوں اور نغموں پر مشتمل سی ڈی کا اجراء کردیا گیا۔سی ڈی ''دستک'' کا باقاعدہ اجراءایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنونیر انیس قائم خانی اور رابطہ کمیٹی کے کنور خالد یونس، ڈاکٹر نصرت،سید مصطفی کمال اور سید شاکر علی نے خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں کیا اس موقع پر دیگر بھی موجود تھے۔سی ڈی میں اردواور پنجابی زبان میں معروف گلوکار شہزادراہی، آفتاب خان اور پرنس ایم حسین نے نئے تنظیمی گانے ریکارڈ کرائے جنہیں ایم کیوایم پنجاب کنونشن سے منسوب کیا گیا ہے۔

## کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی سے برخاست افسران کے وفد کی ڈاکٹر صغیر احمد سے ملاقات

## 294افسران سے رابطہ کمیٹی کا اظہار ہمدردی، بحالی مکمل تعاون کی یقین دہانی

کراچی ۔۔۔21،اپریل2010ء

کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی جانب سے نوکریوں سے فارغ کیے جانے والے افسران کے نمائندہ وفد کی متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر ڈاکٹر صغیر انصاری سے خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں لیبر ڈویژن کے آفس آ کر ملاقات کی اورانہیں اپنے مسائل اور پریشانیوں سے آگاہ کیا۔اس موقع پر لیبر ڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔فارغ کیے گئے افسران نے ڈاکٹر صغیر احمد کو بتایا کہ کئی روز سے ادارے کے افسران پر انتظامیہ کی جانب سے پسند اور ناپسند کی بنیاد پر شب خون مارنے کی بازگشت سنائی دے رہی تھی جبکہ ادارے کی انتظامیہ نے اچانک نئے ضابطے بنا کر متعارف کرائے اور ناقص کارکردگی اورنظم وضبط کی خلاف ورزی کو بنیاد بنا کر 294افسران کوان کی نوکریوں سے برخاست کردیا۔انہوں نے برخاست کیے گئے افسران کی کثیر تعداد ان افسران کی شامل ہے جوادارے کیلئے اچھی ساکھ کے حامل ہیں اورادارے کومنافع پہنچانے میں پیش پیش ہیں۔انہوں نے بتایا کہ متاثرین میں کنٹریکٹ اور مستقل افسران بھی شامل ہیں۔ڈاکٹر صغیر احمد نے تمام افسران سے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے ان کے مسئلے کوسنا اورانہیں ایم کیوایم کی ہرممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔انہوں نے کہا کہ ہم تمام افسران کی نوکری پر بحالی اور تحفظ کیلئے راست اقدام کرینگے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی انتظامیہ کوافسران کا معاشی قتل پر خاموش نہیں بیٹھے گی،مظلوموں کی دادرسی متحدہ قومی موومنٹ کا منشور کا حصہ ہے اورایم کیوایم اپنے منشور پرعمل پیرا ہوکر متاثرہ افسران کے ساتھ ہے اورکسی بھی قیمت پرانہیں تنہانہیں چھوڑے گی۔انہوں نے کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ تمام افسران کوان کی نوکریوں پر فی الفور بحال کرے تاکہ متاثرہ افسران اوران کے اہل خانہ میں پائی جانے والی بے چینی کوختم کرے۔

☆☆☆☆☆